# 13-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ریاست بھرمیں ویلفیئر ہوسٹلز کی کارکردگی کاتفصیلی جائزہ لیااور مختلف فلاحی محکموں کےعہدیداروں کوہدایت دی کہ وہ ہاسٹلوں کی حالت کوبہتر بنانے پرخصوصی توجہ دیں۔

۲۔وزیرسرینواس ریڈی نے کہاہے کہ سمکا سارالماٹمپل کیلئے حکومت 251 کروڑروپےخرچ کرے گی۔

۳۔نئے ایس سی کلاسیفکیشن سسٹم کومی سیوا سرویس کے ذریعہ کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا گیا ہے۔

اور

۴۔بھارتیہ راشٹراسمیتی (بی آر ایس) کے کارگزارصدر کے ٹی راماراؤ نے آج الزام عائد کیا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مسلمانوں اورپسماندہ طبقات (بی سیز) کوجھوٹے وعدوں سے دھوکہ دیا ہے۔

HOSTELS

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ریاست بھرمیں ویلفیئر ہوسٹلز کی کارکردگی کاتفصیلی جائزہ لیا اورمختلف فلاحی محکموں کےعہدیداروں کوہدایت دی کہ وہ ہاسٹلوں کی حالت کوبہتر بنانے پرخصوصی توجہ دیں۔اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہاسٹلوں کے انتظام میں شفافیت اور جواب دہی کو لازمی بنایا جائے اورتمام ریکارڈ کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ رکھا جائے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ طلبہ، اساتذہ اورغیر تدریسی عملے کی حاضری اورنگرانی کے لیے چہرے کی شناخت نظام متعارف کرایا جائے۔ریونت ریڈی نے ٹیکنالوجی کے استعمال پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کھانے کے معیار کی نگرانی کے لیے جدید نظام اپنایا جائے تاکہ طلبہ کوغذائیت سے بھرپور اورمتوازن کھانا فراہم ہوسکے۔انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ آن لائن ڈیٹا کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کریں اور ہاسٹلوں کی حالت کے بارے میں مکمل شفافیت برقرار رکھیں۔وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ ماہانہ فنڈز کی فراہمی کو

''گرین چینل'' کے ذریعے یقینی بنایا جائے تا کہ تاخیر اور بے ضابطگیوں سے بچا جاسکے۔ ایک سرکاری بیان کے مطابق، انہوں نے متعلقہ عہدیداروں کو ایک عملی منصوبہ تیار کرنے کی ہدایت بھی دی۔

ECI

جوبلی ہلز اسمبلی حلقے کے ضمنی انتخاب کے لیے آج نامزدگیوں کا عمل شروع ہوا۔ دوپہر تک آزاد امیدوار سیلیو روسری کانت نے اپنے کاغذات نامزدگی کے دو سیٹ داخل کیے۔ امیدواروں کو سہ پہر تین بجے تک پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔ اس سے قبل، ضمنی انتخاب کے ریٹرننگ آفیسر سائی رام نے شیخ پیٹ کے ایم آر او دفتر میں انتخابی اعلامیہ جاری کیا۔ پولیس نے نامزدگیوں کے عمل کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچنے کے لیے سخت سکیورٹی انتظامات کیے ہیں۔

KTR:

بھارتیہ راشٹرا سمیتی (بی آر ایس) کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج الزام عائد کیا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے مسلمانوں اور پسماندہ طبقات (بی سیز) کو جھوٹے وعدوں سے دھوکہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریونت ریڈی جوبلی ہلز کے ضمنی انتخاب میں ہزاروں فرضی ووٹروں کا اندراج کرا کے الیکشن میں ہیرا پھیری کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کے ٹی آر کے مطابق، کانگریس حکومت نے اپوزیشن جماعتوں اور عدالتوں پر اپنی ناکامیوں کا الزام لگا کر خود کو نیچا دکھایا ہے۔ رحمت نگر میں جوبلی ہلز اسمبلی حلقے کے تحت بی آر ایس کارکنوں کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا کہ کانگریس نے پسماندہ طبقات سے 42 فیصد ریزرویشن دینے کے جھوٹے وعدے کیے اور بعد میں عدالت میں قانونی جانچ میں ناکامی کا بہانہ بنایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریونت ریڈی نے مسلمانوں سے بھی جھوٹے وعدے کیے، ان کے گھروں کو ''ترقیاتی منصوبوں'' کے نام پر منہدم کیا جا رہا ہے، جبکہ حکومت دھوکہ دہی اور فریب پر چل رہی ہے۔

DIED

چیوڑلہ کے سابق رکن اسمبلی اور نیوز اینڈ سروسز سنڈیکیٹ (این ایس ایس) کے منیجنگ ڈائرکٹر کونڈا لکشما ریڈی آج صبح ایک کارپوریٹ اسپتال میں عمر سے متعلق بیماریوں کے باعث چل بسے۔ان کی عمر 84 برس تھی۔کونڈا لکشما ریڈی متحدہ آندھرا پردیش کے سابق نائب وزیراعلیٰ کونڈا وینکٹا رنگا ریڈی کے پوتے تھے۔وہ طویل عرصے تک کانگریس پارٹی سے وابستہ رہے اور مختلف اہم عہدوں پر خدمات انجام دیں۔ انہوں نے آندھرا پردیش اسپورٹس کونسل کے چیئرمین کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔انہوں نے 1999 اور 2014 میں حیدرآباد حلقے سے لوک سبھا کے انتخابات میں حصہ لیا، تاہم دونوں مرتبہ کامیاب نہیں ہو سکے۔انہوں نے 1980 میں NSS نامی مقامی نیوز ایجنسی کی بنیاد رکھی، جو کئی ابھرتے ہوئے صحافیوں کے لیے ایک پلیٹ فارم بنی۔تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے لکشما ریڈی کی موت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور سوگوار خاندان سے تعزیت کی۔

TPCC:

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے آج نئی دہلی میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے صدر ملکارجن کھرگے سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران انہوں نے ریاست میں جاری پسماندہ طبقات کے ریزرویشن سے متعلق قانونی پیش رفت پر تفصیلی بات چیت کی۔مہیش کمار نے کھرگے کو ہائی کورٹ کے اس فیصلے کے بارے میں آگاہ کیا جس کے تحت سرکاری جی او نمبر 9 پر روک لگائی گئی ہے۔ اس حکم نامے کے مطابق بلدیاتی انتخابات میں پسماندہ طبقات کے لیے 42 فیصد ریزرویشن فراہم کیا جانا تھا۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ پارٹی سپریم کورٹ میں ایک درخواست دائر کرنے پر غور کر رہی ہے تاکہ پسماندہ طبقات کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ پارٹی کے ایک بیان میں کہا گیا کہ یہ قدم انصاف اور مساوات کے اصولوں کے تحفظ کے لیے ضروری ہے۔

DY.CM:

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرمارکہ نے آج ہریانہ ریاست کے سینئر آئی پی ایس آفسر وائی پورن کمار کے افراد خاندان سے ملاقات کی، جنہوں نے حال ہی میں چندی گڑھ میں مبینہ طور پر خودکشی کر لی تھی۔ بھٹی وکرمارکا نے اس واقعے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا اور آنجہانی کے افراد خاندان سے تعزیت کی۔ انہوں نے چندی گڑھ کے چیف سیکریٹری راجیش پرساد سے سوال کیا کہ جب ایک ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل کے عہدے پر فائز افسر کو بھی امتیازی سلوک کا سامنا ہو تو پھر سماجی انصاف کیسے ممکن ہے؟ انہوں نے کہا کہ ذات پات پر مبنی امتیاز جمہوری معاشرے میں کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے زور دیا کہ اس طرح کے ناانصافی کے واقعات کو سختی سے نمٹایا جائے تا کہ آئندہ اس کا اعادہ نہ ہو۔

MEESEVA:

ریاست کے آئی ٹی وزیر سریدھر بابو نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاستی حکومت نے می سیوا سٹیزن سرویس پلیٹ فارم کے ذریعہ ریاست بھر میں نئے ایس سی کاسٹ گروپنگ کو کامیابی سے نافذ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تحفظات کے حصول کیلئے ایک بڑا اقدام ہے۔ سریدھر بابو کے مطابق اِن اصلاحات سے توقع ہے کہ تقریباً چار لاکھ شہریوں کو فائدہ پہنچے گا جنہوں نے می سیوا کے ذریعہ ایس سی کمیونٹی سرٹیفکیٹ کیلئے درخواست دی ہے۔

PONGULETI

ریونیو کے وزیر اور ورنگل کے انچارج وزیر سرینواس ریڈی نے آج کہا ہے کہ تلنگانہ حکومت، ضلع ملگو کے میڈارم میں واقع سامکا سارالما ٹمپل کی ترقی کیلئے 251 کروڑ روپے خرچ کرے گی۔ وزیر نے پنچایت راج وزیر سیتااکا کے ہمراہ مندر میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے حالیہ دورہ کے دوران 101 کروڑ روپے منظور کئے گئے تھے جن میں سے 71 کروڑ روپے کے ٹنڈر طلب کئے گئے۔ انہوں نے کلکٹر اور ایس پی کو ہدایت دی کہ کاموں کو پچاس دن میں مکمل کر لیا جائے۔

## SAFE RIDE

حیدرآباد پولیس کمشنر وی سی سجنار نے ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کو فروغ دینے کے مقصد سے آج ایک سوشل میڈیا مہم #SafeRideChallenge کے نام سے شروع کی جس کا مقصد بڑے پیمانے پر عوام کو روڈ سیفٹی کے تعلق سے واقف کروانا ہے۔ موٹر گاڑیاں چلانے والوں سے کہا گیا ہے کہ اپنے ایک مختصر ویڈیو یا تصویر بنائیں جس میں وہ ہیلمٹ پہنے ہوئے ہیں یا سیٹ بیلٹ لگائے ہوئے ہیں اور انہیں اپنے کسی تین دوست یا ارکانِ خاندان کو ٹیگ کریں۔

## WEATHER

تلنگانہ کے کئی اضلاع میں آج مختلف مقامات پر بوندہ باندی کے ساتھ.بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا قوی امکان ہے۔ اس کے علاوہ ریاست کے تمام اضلاع میں کل منگل کو کہیں کہیں بوندہ باندی کے ساتھ ساتھ.بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔ آج اور کل کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔